اسلامیات

سالانہ امتحان 2014-15

حیدرآباد بورڈ

حصہ-الف (کثیر انتخابی سوالات)

سوال نمبر۱: مندرجہ ذیل سوالات کے درست جواب کا انتخاب کریں۔

(i) کس غزوہ کے بعد سورۃ الانفال نازل ہوئی تھی؟

(الف) احد (ب) حُنین (ج) خندق (د) ان میں سے کوئی نہیں

(ii) سورۃ الممتحنہ میں اللہ تعالیٰ نے ۔۔۔۔۔۔۔۔ کے اسوۂ حسنہ کی پیروی کرنے کا حکم دیا ہے۔

(الف) حضور ﷺ (ب) حضرت ابراہیم علیہ (ج) حضرت اسمٰعیل علیہ (د) حضرت ایوب علیہ

(iii) روزہ دار کے لئے ۔۔۔۔۔ خوشیاں ہیں۔

(الف) تین (ب) پانچ (ج) چار (د) ان میں سے کوئی نہیں

(iv) قرآن کریم کے ایک حرف کے تلاوت پر ۔۔۔۔۔۔۔ نیکیاں ملتی ہیں۔

(الف) 10 (ب) 15 (ج) 20 (د) 30

(v) زکوٰۃ کے معنی ہیں۔

(الف) مدد کرنا (ب) پاک کرنا (ج) خرچ کرنا (د) ان میں سے کوئی نہیں

(vi) خاندان کے دو اہم ستون ۔۔۔۔۔۔ ہیں۔

(الف) مرد و عورت (ب) ماں باپ (ج) میاں بیوی (د) ان میں سے کوئی نہیں

(vii) خدا بچوں کو ان کی ۔۔۔۔۔۔۔ کا بدلہ دیتا ہے۔

(الف) نیکی (ب) دیانتداری (ج) ایمانداری (د) سچائی

(viii) سِرَاجًا مُّنِيْرًا کے معنی ہیں۔

(الف) روشن دماغ (ب) روشن چراغ (ج) روشن شہر (د) روشن رات

(ix) بُكْرَةً وَّ اَصِيْلًا کے معنی ہیں۔

(الف) دن رات (ب) کبھی کبھار (ج) صبح شام (د) ہر روز

(x) سورۃ الانفال میں مومنوں کی ۔۔۔۔۔۔۔ بیان کی گئی ہیں۔

(الف) علامات (ب) صفات (ج) عادات (د) ان میں سے کوئی نہیں

(xi) اللہ تعالیٰ نے سورۃ الانفال میں ۔۔۔۔۔۔ کو آزمائش قرار دیا ہے۔

(الف) ماں باپ (ب) مال اور اولاد (ج) دوستوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

(xii) سورۃ الانفال میں کافروں نے اپنے لئے ۔۔۔۔۔۔۔ کے عذاب کا مطالبہ کیا۔

(الف) طوفان (ب) گرج چمک (ج) پتھر برسانے (د) بارش

(xiii) اگر بیس (20) مومن جنگ میں ثابت قدم رہیں تو ۔۔۔۔۔۔۔ کافروں پر غالب رہیں گے۔

(الف) 50 (ب) 100 (ج) 200 (د) 300

(xiv) مومن کا دل ۔۔۔۔۔۔۔۔ جاتا ہے جب اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جاتا ہے۔

(الف) فیل ہو (ب) خوش ہو (ج) ڈر (د) ان میں سے کوئی نہیں

(xv) حضور اکرم ﷺ نے ۔۔۔۔۔۔۔ کو اپنا منہ بولا بیٹا بنایا تھا۔

(الف) حضرت زید (ب) حضرت حذیفہؓ (ج) حضرت اسامہؓ (د) ان میں سے کوئی نہیں